This question paper consists of **27** questions [Section-A (17) + Section-B (5 + 5)] and **8** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17) + حصہ (ب) میں (5+5)] اور 8 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.** | | | | | | | | | | | | | **Code No. 65/ASS/3/A/U**

رول نمبر کوڈ نمبر

**SET** **A**

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Day and Date of Examination** ____________________

امتحان کا دن اور تاریخ

**Signature of Invigilators** **1.** ____________________

نگران کار کے دستخط

**2.** ____________________

***General Instructions :***

**1** Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.

**2** Please check the question paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.

**3** Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.

**4** Write your Question Paper Code No. **65/ASS/3/U** and Set-**A** on the Answer-Book.

ھدایات :

-1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

-2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

-3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

-4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر Set **A** **65/ASS/3/U** لکھئے۔

# URDU

# اُردو

# (306-U)

Time : **3** Hours] [Maximum Marks : **100**

وقت : 3 گھنٹے کل مارکس : 100

---

**Note :** (i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has ***two*** options. Candidates are required to attempt questions from ***one*** *option* only.

**نوٹ :** (i) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ (الف) اور حصہ (ب)

(ii) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصہ (ب) میں دو اختیاری (Options) پرچے ہیں، آپ کو ان میں سے کسی ایک (Option) اختیاری پرچے کا جواب دینا ہے۔

---

## SECTION - A

## (حصّہ الف)

**1.** درج ذیل پیراگراف کو دھیان سے پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے : **6**

ہلکو نے اپنی بیوی سے آ کر کہا '' شہنا آیا ہے۔ لڈو جو روپیہ رکھے ہیں اُسے دے دوں، کسی طرح گردن تو چھوٹے ۔منی بہو جھاڑو لگا رہی تھیں پیچھے ہو کر پھر کر بولی،'' تین ہی تو روپیہ ہیں دے دوں تو کمبل کہاں سے آئیگا ؟ ماگھ پوس کی رات کھیت میں کیسے کٹے گی۔ اس سے کہہ دو کہ فصل پر روپیہ دے دیں گے۔ ابھی نہیں ہیں۔

ہلکوتھوڑی دیر تک چپ کھڑا رہا اور اپنے دل میں سوچتا رہا ! پوس سر پر آ گیا ہے بغیر کمبل کے رات کو وہ کسی طرح کھیت پرنہیں سو سکتا۔مگر شہنا مانے گا نہیں۔ وہ گھڑکیاں دے گا۔ گالیاں سنائے گا، بلا سے جاڑے میں مریں گے، یہ بلا تو سر سے ٹل جائے گی ۔ یہ سوچتا ہوا وہ اپنا بھاری جسم لیے ہوئے جو اسکے نام کو غلط ثابت کر رہا تھا اپنی بیوی کے پاس گیا اور خوشا ورانہ لہجے میں بولا لا دے دے۔ گردن تو کسی طرح بچے۔کمبل کے لیے کوی تدبیر سوچوں گا۔

**سوالات :**

(a) انڈر لائین کئے گئے جملوں کے معنی لکھیے۔

(b) ہلکو نے اپنی بیوی سے کس کے آنے کی اطلاع دی؟

(c) ہلکو اپنے دل میں کیا سوچ رہا تھا ؟

(d) ماکھ پوس کا موسم کس موسم کو کہتے ہیں ؟

(e) اس سبق کا نام اور مصنف کا نام لکھیے ؟

## (حصّہ ب)

اس وقت اس زرد چہرے اور آہستہ آہستہ ہے ہوئے ہونٹوں اور بے خیال بند ہوتی آنکھوں اور غفلت کے دریا میں ڈوبتے ہوئے دل کو تیری یاد ہی مددگار ہوتی ہے، تیرا نورانی چہرہ دکھائی دیتا ہے تیری یاد ہی مددگار ہوتی ہے، تیرا نورانی چہرہ دکھائی دیتا ہے، تیری صدا کان میں آتی ہے اور ایک نئی روح اور تازہ خوشی حاصل ہوتی ہے اور ایک نئی لا زوال زندگی کی جس میں ایک ہمیشہ رہنے والی خوشی ہوگی امید ہوتی ہے۔ یہ تعلیم کا وقت تیرے سبب سے ہمارے لیے موسم بہار کی آمد آمد کا زمانہ ہو جاتا ہے۔ اس لازوال آنے والی خوشی کی امید تمام دنیاوی، رنجوں اور تکلیفوں کو بھلا دیتی ہے۔ اورغم کی شام کو صبح کی خوشی سے بدل دیتی ہے۔

**سوالات :**

(a) کس کا نورانی چہرہ دیکھائی دیتا ہے ؟

(b) موسم بہار کی آمد آمد کس کے لئے کہا گیا ہے؟

(c) اس اسباق کے مصنف کا نام اور سبق کا نام لکھیے ؟

(d) نورانی چہرہ کے معنیٰ لکھیئے ؟

(e) زرد چہرے اور آہستہ ہلتے ہونٹوں سے مصنف کیا کہہ رہا ہے ؟

**2.** ان سوالوں کے مختصر جواب دیجیے : **5**

(a) کہنی حق وفاداری کس داستاں کا حصہ ہے؟

(b) پوس کی رات سبق میں کس معاشرے پر روشنی ڈالی گئی ہے؟

(c) برج بانو کو ایک خوبصورت عورت کا نام کیوں دیا گیا ہے ؟

(d) سبق امید کی خوشی کے مصنف کون ہیں ؟

(e) امتیاز علی تاج ایک افسانہ نگار، مزاح نگار، تنقید نگار ہیں ، بتائیے ؟

**.3** تنقید نگاری۔ خطوط نگاری یا افسانہ نگاری پر کم سے کم 30 الفاظ میں اپنے خیالات لکھیں۔ **4**

**.4** سر سید احمد خاں یا پریم چند کے حالات زندگی انکے ادبی سرمایے اور اصلوب بیاں پر تبصرہ کیجیے۔ **4**

**.5** برج بانو یا مس چیڑیا کی کہانی میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے ؟ **4**

**.6** ''چوتھی کا جوڑا'' سبق نے مصنف نے کس اہم موزوں کو اٹھایا ہے اور کیوں ؟ **4**

**.7** ڈرامہ'' دروازے کھول دو'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ **4**

**.8** کسی ایک عنوان پر کم از کم تین صفحے کا مضمون لکھیے؟ **10**

(a) جدید ٹیکنالوجی کے فائدے۔

(b) کتابوں کے مطالعہ کے فائدے اور اہمیت۔

(c) کھیل اور تعلیم

(d) تاریخ اہمیت کا حامل شہر لکھنو

## (حصّہ ب)

.9 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ A-B سے ایک ایک۔ 6

(الف)

(a) یہ موجودہ طریقے راہی ملکِ عدم ہونگے
نئی تہذیب ہوگی نئے ساماں ہم ہونگے

یا

(b) کہو کہ آج بھی ہم سب اگر خموش رہے
تو اس دہکتے خاک دال کی خیر نہیں
جنوں کی ڈھال ہوئی ایٹمی بلاؤں سے
زمین کی خیر نہیں آسماں کی خیر نہیں

(ب)

(a) محبت ہے خاکِ وطن سے ہمیں
محبت ہے اپنے چمن سے ہمیں
ہمیں اپنے صبحوں سے شاموں سے پیار
ہمیں اپنے شہروں کے ناموں سے پیار

یا

(b) یہ نہ تھی ہماری قسمت کے وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

**10.** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے : **6**

(a) حسن تعلیل کسے کہتے ہیں۔

(b) صفت تضاد کی تعریف معہ مثال کے بیان کریئے ؟

(c) غزل کی تعریف لکھیئے اور دو غزل گو شعراء کے نام لکھیئے؟

(d) غزل مسلسل کی تعریف معہ مثال کے لکھئے ؟

**11.** کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے اور شاعر کا اور سبق کا نام لکھے۔ چاند تاروں کا بن یا خاکِ وطن ۔ **6**

**12.** میر تقی میر یا مرزا غالب کی سوانح حیات لکھے۔ انکے کلام کی خوبیاں معہ مثال کے لکھئے ؟ **4**

**13.** نظم کا ارتقاء اسکی ادبی اہمیت اور نظم گو شعراء کے نام لکھئے ؟ **4**

**14.** کوئی دو غزل گو شعراء کے نام لکھیئے اور انکے کلام کے دو دو اشعار لکھئے ؟ **4**

**15.** مثنوی کی تعریف اور اجزاء ترکیب لکھیئے ۔ **4**

**16.** اکبر الہ آبادی کے خیالات زندگی اور انکے کلام کی خصوصیات پر روشنی ڈالیئے ؟ **5**

**17.** ترکیب الفاظ کسے کہتے ہیں ، مثال دیکر سمجھایئے ؟ **4**

## SECTION - B
## حصّہ ب

### OPTION - I
### اختیاری I

18. دفتری نوٹ کسے کہتے ہیں اور اسکا مقصد کیا ہوتا ہے ؟ 4

19. اپنے اسکول کے سالانہ جلسے پر ایک رپورٹ تیار کیجیے ؟ 4

20. ایم ایس ورڈ (M.S. Word) کے بارے میں مختصر نوٹ لکھئیے؟ 2

21. مقصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں ؟ 2

22. فیچر کی تین خصوصیات بتایئے ؟ 3

### OPTION - II
### اختیاری II

18. دفتری نوٹ عام طور پر کون لکھتا ہے اور فائل ایک افسر سے دوسرے افسر کے پاس کیوں جاتی ہے ؟ 4

19. اپنے گھر کے آس پاس کی کسی تقریب کے بارے میں رپورٹ تیار کیجیے ؟ 4

20. اداریہ کون لکھتا ہے۔ اس میں مدیر کے علاوہ اور کس کی رائے شامل ہوتی ہے ؟ 2

21. اخبار اور رسالے کے لئے سرخیوں کی کیا اہمیت ہے ؟ 2

22. اردو پروگرام کے بارے میں تفصیلی نوٹ کیجیے ؟ 3